24-09-2026  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔خیریت آباد کے سابق ایم ایل اے دانم ناگیندر نے اپنی نااہلی سے متعلق سپریم کورٹ کے فیصلہ کا خیرمقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ ضمنی انتخاب کیلئے تیار ہیں۔

۲۔مرکزی وزیر بنڈی سنجے کماراور تلنگانہ بی جے پی صدر رام چندر راؤ نے سپریم کورٹ کے فیصلہ پر ردِعمل ظاہر کرتے ہوئے سیاسی وفاداریاں تبدیل کرنے پر کانگریس اور بی آر ایس قائدین کو تنقید کا نشانہ بنایا۔

۳۔ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرمارکا اور وزیر سیاحت جوپلی کرشنا راؤ نے عہدیداروں کو تلنگانہ کو عالمی سیاحتی مرکز کے طور پر فروغ دینے کے لئے ایک ایکشن پلان تیار کرنے کی ہدایت دی ہے۔

۴۔وزیر صحت دامودر راج نرسمہا نے تلنگانہ کے سرکاری اور خانگی اسپتالوں میں فائر سیفٹی کے معیارات اور سیفٹی آڈٹ پر عمل درآمد کا جائزہ لیا۔

اور

۵۔گنیش وسرجن کے موقع پر عقیدت مندوں کی سہولت کیلئے حیدرآباد میٹرو ریل نے کل رات ایک بجے تک ٹرین خدمات جاری رکھنے کا اعلان کیا ہے۔

PONNAM

ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے کریم نگر ضلع کے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ 30 تاریخ کو چیف منسٹر اے ریونت ریڈی کے ہاتھوں نئے انٹیگریٹڈ کلکٹریٹ عمارت کے افتتاح کے سلسلہ میں جامع انتظامات کیے جائیں۔ مقامی ارکان اسمبلی ،کلکٹر چترا مشرا اور پولیس کمشنر غوث عالم کے ساتھ سکیورٹی ،ٹریفک کنٹرول اور خوبصورتی کے انتظامات کا جائزہ لیتے ہوئے انہوں نے تقریب کو تہوار جیسا ماحول دینے کی ہدایت دی۔

PTC/ KMN

Peddapalli

ریاستی وزیر سماجی بہبود اڈلوری لکشمن کمار نے انٹرن شپ کے دوران زہریلی شے دئے جانے کے بعد ہلاک انجینئرنگ طالبہ کے قتل کے ذمہ داروں کے خلاف سخت کارروائی کا یقین دلایا ہے۔ ریگاڈی مڈیکنٹا میں مقامی عہدیداروں کے ہمراہ متاثرہ خاندان سے ملاقات کرتے ہوئے انہوں نے تعزیت کا اظہار کیا اورحکومت کی جانب سے 4,12,500 روپے کی مالی امداد حوالہ کی۔ انہوں نے خاندان کو مکمل تعاون کا یقین دلایا اور پولیس کو ملزمین کے خلاف سخت کارروائی کرتے ہوئے انہیں سزا دلانے کی ہدایت دی۔

PTC/PP

DAMODAR

وزیر صحت داموور راج نرسمہا نے سرکاری اور خانگی اسپتالوں میں فائر سیفٹی کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ اجلاس میں باقاعدہ آڈٹ، خامیوں کی نشاندہی اور ضروری اصلاحی اقدامات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ محکمہ صحت کے عہدیداروں نے فائر سیفٹی سے متعلق جاری اقدامات سے وزیر کو واقف کرایا جس پر وزیر نے موجودہ خامیوں کو فوری طور پر دور کرنے کی ہدایت دی۔ اجلاس میں اسپیشل چیف سکریٹری نوین متل اور فائر سیفٹی ڈی جی وکرم سنگھ مان سمیت محکمہ کے اعلیٰ عہدیدار موجود تھے۔

Desk

TOURISM HUB

ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرامارکہ اور وزیر سیاحت جوپلی کرشنا راؤ نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ تلنگانہ کو بین الاقوامی سیاحتی مرکز کے طور پر فروغ دینے کے لئے ایک ایکشن پلان تیار کیا جائے۔ پرجا بھون میں منعقدہ جائزہ اجلاس میں انہوں نے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ، سرکاری اثاثوں سے آمدنی حاصل کرنے، رامپا جیسے تاریخی ورثہ مقامات کے تحفظ، آمدنی پیدا کرنے والے سیاحتی سرکٹس کی تشکیل اور طلبہ کے لئے 'تلنگانہ درشنی' تعلیمی پروگرام کے فروغ پر زور دیا۔

Desk

ESHWAR

سابق وزیر کوپولا ایشور کی قیادت میں بی آر ایس قائدین نے حیدرآباد میں سنگارینی ہیڈ آفس کے سامنے احتجاج کیا۔ احتجاجی قائدین نے الزام عائد کیا کہ کانگریس حکومت کی پالیسیوں کے باعث بجلی کی قلت پیدا ہوئی ہے، بقایا جات ادا نہیں کیے جا رہے اور کوئلہ کی پیداوار و بجلی کی سربراہی متاثر ہو رہی ہے۔

Desk

BANDI

مرکزی وزیر بنڈی سنجے کمار نے سپریم کورٹ کے فیصلہ پر ردِ عمل ظاہر کرتے ہوئے سیاسی وفاداریاں تبدیل کرنے پر کانگریس اور بی آر ایس قائدین کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا اور ان کے مفاد پرستانہ طرزِ عمل کو شرمناک قرار دیا۔ دانم ناگیندر کی نااہلی کے مقدمہ کے بارے میں میڈیا میں غلط تشریحات پر تنقید کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اب خیریت آباد میں ضمنی انتخاب ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں جماعتوں کو مقابلہ کرنے کا اخلاقی حق حاصل نہیں ہے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ غیر اخلاقی انحراف کی سیاست کے خلاف مضبوط پیغام دینے کے لئے دونوں جماعتوں کو سیاسی طور پر مسترد کریں۔

Desk

GMR

جی ایم آر حیدرآباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ لمیٹڈ اور برسلز ایئرپورٹ نے آج ایک مفاہمتی یادداشت پر دستخط کئے جس کا مقصد حیدرآباد اور یورپ کے درمیان فضائی کارگو رابطوں کو مستحکم کرنا ہے۔ شراکت داری کے تحت تجارت کو فروغ دینے، فارما لاجسٹکس کو وسعت دینے، مارکیٹ سے متعلق معلومات کا تبادلہ کرنے اور پائیدار کارگو روٹس قائم کرنے پر توجہ دی جائے گی۔

Desk

RAMCHANDER RAO

تلنگانہ بی جے پی کے صدر این رام چندر راؤ نے ایم ایل اے دانم ناگیندر کی نااہلی کو برقرار رکھنے سے متعلق سپریم کورٹ کے فیصلہ کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے آئینی اخلاقیات کی فتح قرار دیا۔ انہوں نے چیف منسٹر ریونت ریڈی پر سیاسی وفاداریاں تبدیل کرنے کی حوصلہ افزائی کا الزام عائد کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ کانگریس میں شامل ہونے والے تمام منحرف ایم ایل ایز فوری طور پر استعفیٰ دیں اور ضمنی انتخابات کا سامنا کریں۔

Desk

DISQUALIFICATION

بی جے پی مقنّنہ پارٹی کے قائد اے مہیشور ریڈی نے ایم ایل اے دانم ناگیندر کی نااہلی کو برقرار رکھنے کے سپریم کورٹ کے فیصلہ کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے آئینی فتح قرار دیا۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ چیف منسٹر ریونت ریڈی تمام منحرف ایم ایل ایز سے استعفی دلوائیں اور انہیں ضمنی انتخابات کا سامنا کرنے دیں۔

Desk

DANAM NAGENDER

سابق خیریت آباد کے سابق ایم ایل اے دانم ناگیندر نے اپنی قانون ساز رکنیت سے نااہلی سے متعلق سپریم کورٹ کے فیصلہ کا خیر مقدم کیا۔ انہوں نے کہا کہ قانونی جنگ انہوں نے قانونی طریقہ کار کے احترام میں لڑی۔ پارٹی بدلی قانون کے تحت انہیں راحت ملنے کی توقع تھی۔ انہوں نے کہا کہ اب ضمنی انتخاب ناگزیر ہے اور وہ اس کے لئے تیار ہیں۔ انہوں نے خیریت آباد حلقہ کے عوام سے اپنے دیرینہ تعلقات کی بنیاد پر آئندہ بھی ان کی حمایت اور آشیرواد حاصل کرنے کا عزم ظاہر کیا۔

Desk

IMMERSION

گنیش وسرجن کے پیش نظر حیدرآباد میٹرو ریل نے عقیدت مندوں کی سہولت کے لئے 25 ستمبر کو رات 1 بجے تک خدمات جاری رکھنے کا اعلان کیا ہے۔ حکام نے عوام سے اپیل کی کہ ٹریفک اژدھام سے بچنے کے لئے میٹرو ریل کا استعمال کریں۔ خیریت آباد کے بڑے گنیش کے وسرجن کی تیاریاں جاری ہیں۔ جلوس صبح سویرے شروع ہوگا۔ اس موقع پر شہر بھر میں ٹریفک تحدیدات عائد کی گئی ہیں۔

Desk

CS

تلنگانہ کے چیف سکریٹری سنجے جاجو نے اعلان کیا کہ ُرکشا ایکسپو 2026 ' انویسٹ تلنگانہ گلوبل سمٹ کے دوران 7 سے 9 دسمبر تک حیدرآباد کی بھارت فیوچر سٹی میں منعقد ہوگا۔ عالمی سرمایہ کاری اور شراکت داریوں کو فروغ دینے کے مقصد سے منعقد ہونے والے اس پروگرام میں بی ٹو بی اجلاس، ایئر شوس اور جدید ٹکنالوجی کے لائیو مظاہرے شامل ہوں گے۔

Desk

Nirmal

نرمل ضلع کے کلکٹر بھاویش مشرا نے باسر میں گوداوری پشکرالو کے انتظامات کے لیے جاری کاموں کا معائنہ کیا۔ انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ عقیدت مندوں کی متوقع بڑی تعداد کے پیش نظر تمام بنیادی سہولتیں مکمل کی جائیں، پارکنگ کے مناسب انتظامات کئے جائیں، ہیلی پیڈس تیار کئے جائیں اور بنیادی ڈھانچہ کے کام مقررہ وقت پر مکمل کئے جائیں۔

PTC/NRML

HARISH RAO

سابق وزیر ہریش راؤ نے کہا کہ دانم ناگیندر کی نااہلی کو برقرار رکھنے سے متعلق سپریم کورٹ کا فیصلہ آئینی تحفظ کے معاملہ میں کانگریس کے مبینہ دوہرے معیار کو بے نقاب کرتا ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ راہول گاندھی آئینی اخلاقیات سے اپنی وابستگی ثابت کرنے کے لئے تمام منحرف ایم ایل ایز سے استعفیٰ دلوائیں اور انہیں انتخابات کا سامنا کرنے دیں۔

Desk

SEETHAKKA

وزیر سیتا اکا جمعہ کو ورنگل آئی او ڈی سی میں مشترکہ ورنگل اور کھمم اضلاع کے علاقائی جائزہ اجلاس کی صدارت کریں گی۔ اجلاس میں پنچایت راج، دیہی ترقی، دیہی آبی سربراہی اور خواتین واطفال کی بہبود کے تحت جاری ترقیاتی اقدامات کا جائزہ لیا جائے گا۔ اکتوبر 2026 سے جون 2027 تک ایل نینو کے ممکنہ اثرات سے نمٹنے کے اقدامات، بنیادی ڈھانچہ کی تعمیر کی پیش رفت، ایچ اے ایم سڑکوں اور پینے کے پانی کی سربراہی کا بھی جائزہ لیا جائے گا۔ اسپیشل چیف سکریٹری دانا کشور نے عہدیداروں کو تازہ ترین رپورٹس کے ساتھ اجلاس میں شرکت کی ہدایت دی ہے۔

Desk

EC-PONNAM

وزیر ٹرانسپورٹ و بی سی ویلفیئر پونم پربھاکر نے مطالبہ کیا کہ الیکشن کمیشن فارم 6 میں کی جانے والی تبدیلیوں، ای سی آئی نیٹ کے ڈیٹا کی سکیورٹی اور ڈرافٹ ووٹر لسٹ سے نام حذف کئے جانے کے معاملہ میں مکمل شفافیت اختیار کرے اور واضح وضاحتیں جاری کرے تاکہ شہریوں کے حق رائے دہی کا تحفظ یقینی بنایا جاسکے۔

Desk

NEET PG

نیشنل بورڈ آف ایگزامینیشنس اِن میڈیکل سائنس نے آج اپنی سرکاری ویب سائٹ پر نیٹ پی جی2026 کے نتائج جاری کردئے۔ یہ امتحان 30 اگست کو منعقد کیا گیا تھا جس میں 2.65 لاکھ سے زائد امیدواروں نے شرکت کی۔ امیدواروں کے انفرادی اسکور کارڈ اور جوابی Key یکم اکتوبر سے ڈاؤن لوڈ کے لئے دستیاب ہوں گے۔

NSD

Yadadri Bhuvanagiri

ضلع روزگار افسر اپن پدما نے اعلان کیا کہ یادادری بھونگیر ضلع ہیڈکوارٹر میں 26 ستمبر کو روزگار میلہ منعقد ہوگا۔ 18 سے 35 سال عمر کے بے روزگار نوجوان اس میں شرکت کر سکتے ہیں۔ امیدواروں کو تعلیمی اسناد، آدھار کارڈ اور ریزیومے کے ساتھ پہنچنے کی ہدایت دی گئی ہے۔ مزید تفصیلات کے لئے 7095612963 پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

PTC/YB

ASIFABAD

آصف آباد ضلع میں شدید بارش کے بعد حکام نے سیلابی پانی کے اخراج کے لئے کمرم بھیم اور وٹی واگو پراجیکٹس کے گیٹ کھول دئے۔ جینور میں سب سے زیادہ 114 ملی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی۔ آبپاشی حکام نے نشیبی علاقوں میں رہنے والے عوام کو پانی کے اخراج میں اضافے کے پیش نظر چوکس رہنے کا مشورہ دیا ہے۔

PTC/K.ASF

Sircilla

راجنا سرسلہ ضلع کلکٹر گریما اگروال نے قبائلی بہبود محکمہ کے ہاسٹل کے اچانک معائنہ کے دوران ہاسٹل حکام کو ہدایت دی کہ طلبہ کو مقررہ مینو کے مطابق معیاری کھانا فراہم کیا جائے۔ انہوں نے طلبہ کی حاضری اور دستیاب سہولتوں کا جائزہ لیا، صفائی ستھرائی پر زور دیا اور طلبہ کو اپنے مقاصد کے حصول کے لئے محنت اور دل لگا کر تعلیم حاصل کرنے کی تلقین کی۔

PTC/RS

Jangaon

جنگاؤں ضلع کلکٹر سندیپ کمار جھا نے اے پی ای ڈی اے کے زیر اہتمام منعقدہ بیداری ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے کسان پروڈیوسر آرگنائزیشنس کے ذریعہ زرعی برآمدات کو فروغ دینے پر زور دیا۔ انہوں نے چِٹّی متھیالو اور پاربوائلڈ چاول کی مختلف اقسام کی برآمدات کی بڑھتی ہوئی طلب کا حوالہ دیتے ہوئے کسانوں اور ایف پی اوز پر زور دیا کہ وہ بھارت کرشی نریات یوجنا اسکیم سے موثر انداز میں استفادہ کریں۔

PTC/JGN

SIPUR MLA

سرپور کے بی جے پی ایم ایل اے پال وائی ہریش بابو نے کہا کہ ہے اپوزیشن بی آر ایس کو حلقہ میں سڑکوں کے مسائل پر سیاسی فائدہ حاصل کرنے کے لئے طلبہ کو استعمال نہیں کرنا چاہیے۔ طلبہ کے حالیہ احتجاج پر ردعمل ظاہر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سڑکوں کی تعمیر کے لئے حکومت سے ضروری منظوری حاصل کرلی گئی ہے اور کام جلد شروع کردیا جائے گا۔

PTC/K.ASF

Bhadradri

بھدرادری کوتہ گوڑم ضلع کے پالونچہ میونسپلٹی حدود میں 360 ڈبل بیڈروم مکانات شفاف لکی ڈرا کے ذریعہ مستحقین میں تقسیم کیے گئے۔ عہدیداروں کے مطابق 4,611 درخواستوں میں سے 1,254 اہل امیدواروں کا انتخاب کیا گیا۔ اس عمل میں سماجی تحفظات کو مدنظر رکھا گیا جبکہ معذور افراد کے لئے 18 مکانات مختص کیے گئے۔

PTC/B.KGM

Nizamabad

نظام آباد کے پولیس کمشنر سائی چیتنیا نے گنیش وسرجن کے دوران امن وامان برقرار رکھنے کے لئے ضلع بھر میں شراب کی دکانیں، بارز، تاڑی کی دکانیں اور کلب دو دن تک بند رکھنے کا اعلان کیا ہے۔ یہ پابندی 25 ستمبر صبح 6 بجے سے 27 ستمبر صبح 6 بجے تک نافذ رہے گی۔

PTC/NZB

Sangareddy

تلنگانہ ریاستی ایس سی، ایس ٹی کمیشن کے چیرمین بکی وینکٹیا نے پانچ ارکان کے ہمراہ سنگاریڈی ضلع کا دورہ کیا۔ عہدیداروں کے ساتھ اجلاس میں اراضی کے مسائل، ایس سی/ایس ٹی مظالم کے مقدمات، روسٹر پوائنٹ پر عمل درآمد اور بیک لاگ آسامیوں کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ضلع کلکٹر پرتیک جین اور ایس پی پاری توش پنکج نے بھی شرکت کی۔ بعدازاں کمیشن نے عوام سے نمائندگیاں وصول کیں۔

PTC/SR

TUMMALA

وزیر زراعت تمّلا نا گیشور راؤ نے خام پام آئل پر درآمدی ڈیوٹی 16.5 فیصد سے گھٹا کر 11 فیصد کرنے کے مرکزی حکومت کے فیصلہ پر تنقید کی۔ انہوں نے کہا کہ ڈیوٹی کم کرنے کے بجائے اسے 44 فیصد تک بڑھایا جانا چاہئے تھا۔ انہوں نے خبردار کیا کہ کم درآمدی ڈیوٹی سے مقامی کسانوں کو پام آئل کی قیمتوں کے معاملہ میں شدید دباؤ کا سامنا کرنا پڑے گا اور تلنگانہ میں پام آئل کی کاشت کو فروغ دینے کی کوششیں بھی متاثر ہوں گی۔

○○